© rasailojaraid.com

تبصرے

دو مہینے امریکہ میں - از مولانا محمد رابع حسنی ندوی، تقطیع متوسط ضخامت ۳۵۴ صفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد - /۱۵ پتہ : مجلس تحقیقات و نشریات اسلام، ندوۃ العلماء، لکھنؤ -

امریکہ اور کناڈا کے مسلمان طلبا کی تنظیم ایم - ایس - اے کی دعوت پر مولانا سید ابوالحسن علی نے ۱۹۷۷ء میں امریکہ اور کناڈا کا سفر کیا تھا - اس سفر میں جو اواخر مئی سے اوائل اگست تک دو مہینے آٹھ روز کی مدت پر مشتمل ہے مولانا نے پہلے چار دن ایم - ایس - اے کی سالانہ کانفرنس میں شرکت کی جو نیویارک سے سات سو میل بجانب مغرب کے فاصلہ پر بلومنگٹن نامی ایک ٹاؤن کی انڈیانا اسٹیٹ یونیورسٹی میں ۲۷ سے ۳۰ مئی تک منعقد ہوئی اس سے فراغت کے بعد ایم - ایس اے کے دعوتی پروگرام کے مطابق بشمول کناڈا ریاستہائے متحدہ امریکہ کے مشرقی ساحل سے لیکر مغربی ساحل تک چھ ہزار میل کا بست روزہ سفر کر کے کم و بیش دو درجن مقامات دیکھے اور تقریریں کیں اس سے فراغت ہوگئی تو مولانا نے فلاڈلفیا میں آنکھ کا آپریشن کرایا اور تقریباً ایک مہینہ اس کے درو بست میں لگا - اس سفر میں مولانا کے رفیق مولانا کے بھانجے مولانا محمد رابع حسنی ندوی تھے - موصوف کو جغرافیہ اور تاریخ کا اعلیٰ ذوق ہے - پختہ قلم ادیب ہیں اس لئے انھوں نے سفر امریکہ کی روداد قلمبند کی تو اپنے ذاتی مشاہدات و محسوسات کے ساتھ امریکہ کی تاریخ اور اس کی تہذیب و تمدن پر متعدد کتابوں کا مطالعہ بھی کیا اسی کا نتیجہ یہ ہے کہ

© rasailojaraid.com